# 22102 ـ دو نمازیں جمع کرتے وقت نماز لگاتار ادا کرنا

**سوال**

دو نمازوں میں موالاۃ کرنے کا حکم کیا ہے، جب کہ وہ اس میں کچھ دیر کی تاخیر کرتے ہیں جو دونوں نمازوں کے مابین علیحدگی شمار ہوتی ہے، ایسے جمع کرنے کا حکم کیا ہے ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

جمع تقدیم میں دونوں نمازوں کے مابین موالاۃ واجب ہے، یعنی نمازیں لگاتار ادا کی جائیں، اور دونوں کے مابین عرفی طور پررتھوڑا سا وقفہ کرنے میں کوئی حرج نہیں، اس لیے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ ثابت ہے.

اور پھر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے:

" تم نماز اس طرح ادا کرو جس طرح تم نے مجھے نماز ادا کرتے ہوئے دیکھا ہے "

صحیح بخاری کتاب الاذان حدیث نمبر ( 631 ).

اور صحیح یہ ہے کہ نیت شرط نہیں، لیکن جمع تاخیر میں معاملہ وسیع ہے، کیونکہ دوسری نماز اس کے وقت میں ادا کی جائیگی، لیکن افضل یہ ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی اتباع اور پیروی کرتے ہوئے دونوں نمازوں میں موالاۃ کی جائے.

اللہ تعالی ہی توفیق بخشنے والا ہے.